140

Total No. of Questions : 5

Total No. of Printed Pages : 3

Reg. No.

# Part – III
# URDU
# Paper – I
## (Modern Language)

Time : 3 Hours

Max. Marks : 100

I. ذیل میں دیئے گئے اقتباسات سے کسی چار کی بحوالہ متن تشریح کیجئے : (4×5=20)

1) "یہ بد بخت سیاہ روشنائی نہ معلوم کن سائنٹفک طریقوں سے تیار کی جاتی ہے کہ ہمارے قابو میں تو کبھی اس کا قوام آیا نہیں"۔

2) "نرمی کی جگہ پر نرمی اور سختی کے محل پر سختی اور میرا دل گواہی دیتا ہے کہ انشا اللہ میں اپنے ارادے میں کامیاب ہوں گا"۔

3) "ہوری نے اپنی لاٹھی اُٹھائی اور گھر چلا۔ شگون کے روپئے کہاں سے آئیں گے یہی فکر اُس کے سر پہ سوار تھی"۔

4) "تم کیا سمجھے سمجھو گے کیا خاک۔ تم نے، جسے اُردو کہتے ہیں، پڑھی نہیں۔ لیکن اب دلی میں ابھی اس زبان کے جاننے اور بولنے والے گنتی کے رہ گئے ہیں"۔

5) "سکریٹریٹ کا لان بھانت بھانت کے شاعروں سے بھر گیا اور دبے ہوئے آدمی کے گرد ایک مشاعرہ بپا ہو گیا"۔

6) "جس طرح کی خوش گلو گانے والے کا راگ اور خوش اُمید باجے کی آواز انسان کے دل کو نرم کر دیتی ہے"۔

7) "غصّہ میں آکر انھوں نے انگریزی کی کرسیاں پھینک کر مشرقی قالین کے فرش پر بیٹھ کر پڑھنا شروع کیا"۔

8) "گنگوا اس فکر میں مبتلا کہ لالہ کی اس سخت گیری کا یہی حال رہا تو دوپہر کے چبینے کے لئے بھی پیسے نہ بچیں گے"۔

II. ذیل سے کسی ایک کا خلاصہ لکھئے : (1×20=20)

1) جامن کا پیڑ

2) خوشامد

3) غنودگی۔

III. ذیل میں دیئے گئے اشعار سے کسی چار کی تشریح کیجئے : (4×5=20)

1) غم رہا جب تک کہ دم میں دم رہا
دل کے جانے کا نہایت غم رہا

2) وضع داری کا پاس بہتر ہے
جیب خالی ، لباس بہتر ہے

3) روک لو گر غلط چلے کوئی
بخش دو گر خطا کرے کوئی

4) ارض و سما کہاں تری وسعت کو پا سکے
میرا ہی دل ہے وہ کہ جہاں تو سما سکے

5) ابنِ مریم ہوا کرے کوئی
میرے دُکھ کی دوا کرے کوئی

6) میرے رونے کی حقیقت جس میں تھی
ایک مدت تک وہ کاغذ نم رہا

7) مرگ عاشق تو کچھ نہیں لیکن
اک مسیحا نفس کی بات گئی

8) یارب یہ کیا طلسم ہے ادراک و فہم یاں
دوڑے ہزار ، آپ سے باہر نہ جا سکے۔

**IV.** ذیل سے کسی ایک نظم کا خلاصہ لکھئے : **(1×20=20)**

1) آدمی نامہ

2) شامِ رنگین

3) رشوت۔

**V.** **(الف)** زاہدہ زیدی کی نثری نظم "مادرِ مہرباں" کا خلاصہ لکھئے۔ **(1×10=10)**

یا

معرّا نظم سے متعلق اپنی معلومات کا اظہار کیجئے۔

**(ب)** صفت کی تعریف کیجئے اور اُس کی قسموں کو مثالوں کے ذریعہ بیان کیجئے۔ **(1×10=10)**

یا

ضمیر کی تعریف کرتے ہوئے اُس کی اقسام کو مثالوں سے واضح کیجئے۔

---